BUDC-103

B.A. Hons. Urdu Programme (BAUDH)

ASSIGNMENT

(July 2023- January 2024)

# جدید اردو نظم کا مطالعہ

# (Study of Modern Urdu Nazm)

(BUDC-103)

School of Humanities

Indira Gandhi National Open University

Maidan Garhi, New Delhi-110068

# اسائن منٹ

# بی۔ اے آنرز اردو(CBCS)پروگرام

عزیز طلبا!

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے اس کورس کو دل لگا کر پڑھا اور اسے سمجھا ہو گا جس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے اس کورس میں ایک اسائن منٹ رکھا گیاہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کے مطالعے کی مسلسل جانچ پرکھ کا ایک نہایت موثر ذریعہ ہے تاکہ آپ اپنا جائزہ خود لے سکیں۔ اسائن منٹ اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن منٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ اسائن منٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ(TMA)ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو(100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

مقصد:

اس اسائن منٹ کا مقصد یہ پتہ لگانا ہے کہ آپ نے سیلف لرننگ میٹریل سے کس قدر فائدہ اٹھایاہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرے گا اور آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا۔ آپ اس کورس کی اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجیے۔ مطالعے کے دوران اگر ذہن میں کوئی سوال پیدا ہو یا کچھ باتوں کو سمجھنے میں دشواری پیش آئے تو آپ اپنے اسٹڈی سنٹر جاکر اپنے کاؤنسلر سے رابطہ کیجیے۔

مشورہ:

سوالوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کرکے انھیں منطقی ربط کے ساتھ پیش کیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتائیے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے اور جواب دیتے وقت دوسری کتابوں کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کے مطالعے کی وسعت کا اندازہ ہو گا اور موضوع پر آپ کی گرفت اور گیرائی کا بھی پتہ چل سکے گا۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ

- منطقی نوعیت کے ہوں
- جملے اور پیرا گراف کے درمیان ربط ہو
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو
- سوالوں کے مطابق ہی جامع جواب تحریر کیجیے

**ہدایت:**

یاد رہے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

**اپنا اسائن منٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:**

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن منٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔
2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصہ کی بائیں جانب لکھیے۔
3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن منٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔
4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن منٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔
5۔ اپنے اسائن منٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ استعمال کیجیے۔
6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔
7۔ اسائن منٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔
8۔ اسائن منٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پہ جمع کیجیے۔

آپ اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ اس طرح پر کیجیے:

Course Title----------------------/--------------------کورس کا عنوان (اردو)

-------------------------------رول نمبر--------------------اسائن منٹ نمبر

Name in English---------------------------/--------------------نام (اردو)

-------------------------------------------------------------اسٹڈی سنٹر کا نام

Note:

Last date for submission of Assignment

For December Examination: 31st October

For June Examination: 30th April

Good Luck!

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

| | |
|---|---|
| Course Code: | BUDC-103 |
| Course Title: | جدید اردو نظم کا مطالعہ |
| Assignment Code: | BUDC-103/TMA/2023-2024 |
| Coverage: | All Blocks |
| Marks: | 100 |

**ہدایت:- سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سوالوں کے نمبر سامنے درج ہیں۔**

**(حصہ الف)**

سوال 1۔ سرور جہان آبادی کی نظم نگاری پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ (10)

یا

خواجہ الطاف حسین حالی کے حالات زندگی کو بیان کیجیے۔

سوال 2۔ مخدوم محی الدین کے حالات زندگی پر گفتگو کیجیے۔ (10)

یا

علامہ اقبال کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

سوال 3۔ اسرار الحق مجاز لکھنوی کی حیات و خدمات کے حوالے سے ایک مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

درج ذیل بند کا مع سیاق وسباق تجزیہ کیجیے۔

دور برگد کی گھنی چھاؤں میں خاموش وملول
جس جگہ رات کے تاریک کفن کے نیچے

ماضی و حال گنہ گار نمازی کی طرح
اپنے اعمال پہ رو لیتے ہیں چپکے چپکے

**(حصہ ب)**

سوال4۔ جوش ملیح آبادی کی نظم نگاری سے بحث کیجیے۔ (15)

یا

ن۔م۔راشد کی نظم نگاری پر ایک تفصیلی مضمون قلم بند کیجیے۔

سوال5۔ اکبر الہ آبادی کی نظم نگاری کے امتیازی پہلوؤں کو بیان کیجیے۔ (15)

یا

علی سردار جعفری کی نظم نگاری پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔

**(حصہ ج)**

سوال6۔ جدید اردو نظم کے موضوعات، اس کی ہیئت اور اقسام کے حوالے سے ایک تفصیلی مضمون قلم بند کیجیے۔ (20)

یا

ساحر لدھیانوی کی نظم 'خون پھر خون ہے' کا تجزیہ کیجیے۔

ظلم پھر ظلم ہے، بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے     خون پھر خون ہے ٹپکے گا تو جم جائے گا

خاکِ صحرا پہ جمے یا کفِ قاتل پہ جمے
فرقِ انصاف پہ یا پائے سلاسل پہ جمے
تیغ بیداد پہ یا لاشۂ بسمل پہ جمے
خون پھر خون ہے ٹپکے گا تو جم جائے گا

لاکھ بیٹھے کوئی چھپ چھپ کے کمیں گاہوں میں     خون خود دیتا ہے جلادوں کے مسکن کا سراغ
سازشیں لاکھ اڑھاتی رہیں ظلمت کے نقاب     لے کے ہر بوند نکلتی ہے ہتھیلی پہ چراغ

ظلم کی قسمتِ ناکارہ و رسوا سے کہو
جبر کی حکمتِ پرکار کے ایما سے کہو
محملِ مجلسِ اقوام کی لیلیٰ سے کہو

خون دیوانہ ہے، دامن پہ لپک سکتا ہے    شعلۂ تند ہے خرمن پہ لپک سکتا ہے

تم نے جس خون کو مقتل میں دبانا چاہا
آج وہ کوچہ و بازار میں آنکلا ہے
کہیں شعلہ، کہیں نعرہ، کہیں خنجر بن کے

خون چلتا ہے تو رکتا نہیں سنگینوں سے    سر اٹھاتا ہے تو دبتا نہیں آئینوں سے

ظلم کی بات ہی کیا؟ ظلم کی اوقات ہی کیا؟
ظلم بس ظلم ہے آغاز سے انجام تلک

خون پھر خون ہے سو شکل بدل سکتا ہے    ایسی شکلیں کہ مٹاؤ تو مٹائے نہ بنے
ایسے شعلے کہ بجھاؤ تو بجھائے نہ بنے    ایسے نعرے کہ دباؤ تو دبائے نہ بنے

سوال 7۔ میراجی کی حیات و ادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی نظم نگاری سے بحث کیجیے۔ (20)

یا

جدید اردو نظم کے آغاز و ارتقا پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔